express نیوز

سندھ ریونیو بورڈ کی ٹیکس وصولیوں میں 52 فیصد کا نمایاں اضافہ

اسٹاف رپورٹر | منگل 1 جون 2021

شیئر
ٹویٹ
شیئر
ای میل
تبصرے
مزید شیئر
مزید اردو خبریں

معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے باعث سندھ ریونیو بورڈ کی ٹیکس وصولیوں کا حجم مزید بڑھ گیا

کراچی: معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے باعث سندھ ریونیو بورڈ کی ٹیکس وصولیوں کا حجم مزید بڑھ گیا اور مئی 2021 کے دوران سندھ ریونیو بورڈ کی ٹیکس وصولیوں میں 52 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

ایس آر بی کے مشیر مشتاق کاظمی نے بتایا کہ سندھ ریونیو بورڈ نے مئی 2021 میں 10 ارب 26 کروڑ روپے ٹیکسوں کی وصولیاں کیں جبکہ مئی 2020 میں 6 ارب 73 کروڑ روپے کی وصولیاں کی گئی تھیں۔

انہوں نے بتایا کہ رواں مالی سال کے ابتدائی گیارہ ماہ کے دوران سندھ ریونیو بورڈ نے ٹیکس کی مد میں مجموعی طور پر 108 ارب روپے مالیت کی وصولیاں کیں۔ گزشتہ مالی سال جولائی تا مئی کے دوران 91 ارب 19 کروڑ روپے کا ٹیکس وصول ہوا تھا۔ موجودہ مالی سال کے دوران ٹیکس وصولی میں 19 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔